**Notice No.** **<u>872</u>**

**Department:- <u>Culture, Tourism, Archaeology & Museum</u>**

توجہ دلاؤنوٹس نمبر 872

منجانب:۔ محترمہ ایمن جلیل جان صاحبہ، رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ سیاحت کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں وہ یہ کہ ضلع سوات کے سیاحتی مقام کالام اور اس سے ملحقہ سیاحتی مقامات پر سیاحوں کی جان ومال کے تحفظ کے لیے مناسب حفاظتی اور احتیاطی انتظامات نہ ہونے کے برابر ہیں۔ خطرناک مقامات پر حفاظتی باڑ، وارننگ سائن بورڈز، ریسکیو اور ایمرجنسی سہولیات، تربیت یافتہ عملہ اور مؤثر نگرانی کا فقدان ہے، جبکہ ہر سال ہزاروں ملکی وغیر ملکی سیاح ان مقامات کا رخ کرتے ہیں۔ حفاظتی انتظامات میں سنگین کوتاہی کے باعث کسی بھی وقت کوئی بڑا اور المناک حادثہ رونما ہونے کا خدشہ ہے۔